© rasailojaraid.com



**اوج نعت نمبر:** سرپرست : میاں مقبول احمد (پرنسپل)' مدیر اعلیٰ : پروفیسر ڈاکٹر آفتاب احمد نقوی' مدیر : محمد ریاض ' نائب مدیر : علی احمد' ناشر: گورنمنٹ کالج شاہدرہ ' لاہور۔ جلد اول : ۷۰۲ صفحات' جلد دوم : ۷۳۲ صفحات

آغاز میں اہم شخصیتوں کے پیغامات ' پھر ۳۲ شعرا کی حمدیں ' اور اس کے بعد آپؐ کے چچا ابو طالب سے شاہ عبدالعزیزؒ تک ۲۱ شعرا کی عربی نعتیں مع اردو ترجمہ' ۲۵ شعرا کی فارسی اور ۱۵ شعرا کی اردو نعتیں دی گئی ہے۔ حصہ مضامین اردو ' فارسی عربی اور پنجابی اور دیگر زبانوں کے نعتیہ ذخیرے' نیز پاکستان کے مختلف شہروں کے نعت گو شعرا کی نعت گوئی کا جائزہ شامل ہے۔ نعت گو شعرا اور نعت خوانوں سے قلمی مذاکرے خاصے دلچسپ اور معلومات افزا ہیں۔ دوسرے حصے میں ۲۵۸ اردو' اور ۳۵ پنجابی نعتوں کے علاوہ ملکی اور غیر ملکی زبانوں کا نعتیہ انتخاب' اردو' پنجابی اور سندھی کتابیات نعت ' نعت پر تحقیق ' رسائل کے نعت نمبروں کا جائزہ ۔۔۔غرض نعت کے موضوع پر تخلیقی' تحقیقی اور تنقیدی کام کا دائرہ معارف مرتب کرنے کی یہ ایک قابل قدر کاوش ہے اور مرتبین و ناشرین کو مبارک باد! (ظفر حجازی)

---

**اسباق عمرہ و حج :** از لطف الرحمٰن خان ۔ ناشر: مکتبہ سراج منیر ۲۸۷' ایف رحمان پورہ لاہور۔ صفحات ۲۰۔ قیمت ۴ روپے۔

مصنف نے اپنے تجربات و مشاہدات کی روشنی میں عام فہم انداز میں چند مفید نکات مرتب کیے ہیں۔ عمرہ و حج کا عزم رکھنے والوں کے لیے اس کا مطالعہ نافع ہو گا۔ یہ کتابچہ ایک روپے کے ڈاک ٹکٹ بھیج کر قرآن کالج اتاترک بلاک' نیو گارڈن ٹاؤن لاہور سے بطور تحفہ حاصل کیا جا سکتا ہے۔

---

## وضاحت

۱۔ ترجمان القرآن میں ترجیحاً دینی اور علمی کتابوں پر تبصرے شائع کیے جاتے ہیں۔

۲۔ تبصرے کے لیے کتاب کے دو نسخے آنا ضروری ہیں۔

۳۔ تبصرے کے لیے مطبوعات براہ راست: مدیر ترجمان القرآن منصورہ' لاہور ۵۴۵۷۰ کو بھیجی جائیں۔



© rasailojaraid.com